بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لمعات

اخوتِ اسلامی اور یہود و نصاریٰ

''اخوت اسلامی'' ایک بلند ترین حقیقت بھی ہے اور دل خوش کن سراب بھی۔۔۔ آپ شاید حیران ہوں گے کہ ہم نے بیک نفس اس قدر متضاد باتیں کیسے کہہ دیں لیکن یہ واقعہ ہے۔ اخوتِ اسلامی ایک بلند ترین حقیقت اس لئے ہے کہ قرآن کریم نے رنگ، نسل، زبان، وطن کے تمام مصنوعی امتیازات کو مٹا کر، اشتراکِ ایمان (آئیڈیالوجی) کی بنا پر وحدتِ انسانیہ کا اصول پیش کیا اور حضور نبی اکرم ﷺ نے اپنے عدیم النظیر عمل سے اس اصول کو محسوس پیکر عطا فرمایا اور اس طرح ایک ایسی برادری کی تشکیل کر دی، جس میں فارس کا سلمان، روم کا صہیب، حبش کا بلال اور حجاز کا عمر (رضی اللہ عنھم) ایک وحدت کے غیر منقسم اجزاء بن گئے اور یوں۔۔۔ انما المؤمنون اخوۃ (۴۹/۱۰)۔ کی حیرت انگیز تصویر دنیا کے سامنے آ گئی۔۔۔ یہی تھی وہ برادری جس کے متعلق جب حضور ﷺ نے فرمایا تھا کہ تمام روئے زمین کے مسلمان جسدِ واحد ہیں تو اس سے فی الواقعہ یہ مقصود تھا کہ اگر کبھی پاؤں کے انگوٹھے میں کانٹا چبھے تو آنکھ کے آبگینے میں آنسو چھلک آئیں۔ اگر افریقہ کے صحرا میں کسی حبشی کے سر میں درد ہو تو ایران کے سبزہ زاروں میں محوِ گلگشت شاہنشاہ کا تاج اس کے لئے وبالِ دوش ہو جائے، اگر شام کے میدانوں میں کسی اونٹ چرانے والے کے سینہ پر کسی ناہنجار کا تیر آ لگے تو اس کی انی، چین کے محلات میں سونے والے خاقان کے جگر سے نکلے۔ اگر مراکش کے چرواہے کے خیمے کی طناب پر کوئی ظالم ہاتھ ڈالے تو قسطنطنیہ کے قصرِ احمر کے ستونوں میں تزلزل واقع ہو جائے۔ اگر دشتِ حجاز میں کسی بیوہ کے بچے کی طرف کوئی نگاہِ بد سے دیکھے تو تمام عالم اسلامی کی انگلیاں اس کی آنکھ نکال لینے کے لئے بیک وقت اٹھ آئیں۔ یہی وہ اخوت تھی جس نے چند دنوں میں وہ انقلابِ عظیم برپا کر کے دکھا دیا، جس پر آج تک دنیا انگشت بدنداں ہے۔ لیکن اس کے بعد، اس برادری کے افراد نے اپنی وجہِ جامعیت، یعنی رشتۂ ایمان کو ہاتھ سے چھوڑ دیا، اور محض مسلمان کے گھر میں پیدا ہونے

والے کا نام مسلمان رہ گیا۔ اب ظاہر ہے کہ جو نتائج وثمرات' ایمان سے پیدا ہونے تھے وہ محض نام سے تو پیدا نہیں ہو سکتے۔ ہماری بھول یہ ہے کہ ہم ان خصوصیات کو جو مومنین کی بتائی گئی ہیں' موجودہ مسلمانوں کا شعار سمجھ کر ان سے غلط توقعات وابستہ کر لیتے ہیں اوران کے پورا نہ ہونے سے کبھی افسردہ خاطر ہو جاتے ہیں کبھی غضب آلود۔۔ ہندوستان میں (انگریز کے عہدِ غلامی میں) ہمارے قلوب میں اس اخوتِ اسلامی کی حرارت موجود تھی۔ جس کا نتیجہ یہ تھا کہ دنیا کے کسی خطہ میں مسلمانوں پر کوئی مصیبت آئے' ہم اپنی جگہ تڑپ اٹھتے تھے۔ یہ اثر تھا' قرآن کی اس تعلیم کا جسے سرسید علیہ الرحمہ اور اقبالؒ نے ہمارے سامنے (از سرنو) پیش کیا تھا۔ اسی تعلیم کو ہم نے مطالبۂ پاکستان کی بنیاد قرار دیا تھا۔۔۔ یعنی اس اصول کو' کہ تمام مسلمان' بربنائے اشتراکِ ایمان' ایک جداگانہ قوم کے افراد ہیں۔ اور غیر مسلم' دوسری قوم کے افراد۔۔۔ لیکن تشکیلِ پاکستان کے بعد حالات کچھ مختلف ہو گئے' کیونکہ اب جذبات کے بجائے حقائق کا سامنا کرنا پڑا اور ہمیں بھی بعض اوقات سیاسی مصالح کو پیش نظر رکھ کر دیگر ممالک سے تعلقات کے فیصلے کرنے پڑے۔۔ حقیقت یہ ہے کہ ''اخوت'' دو بھائیوں میں ہوتی ہے۔ یہ وہ تالی ہے جو ایک ہاتھ سے بج ہی نہیں سکتی۔ اگر آپ جذبۂ اخوت سے پیش آئیں اور فریق مقابل کی طرف سے اس کا ردعمل اس کے خلاف ہو' تو اس طرح رشتۂ اخوت قائم رہ نہیں سکتا۔۔ یہ تو دوطرفہ یکساں ردعمل کی بنیادوں پر استوار ہو سکتا ہے اور یہ اسی صورت میں ممکن ہے جب تمام ممالک اسلامیہ کا آئین و دستور ضابطۂ خداوندی (قرآن کریم) پر مبنی ہو۔ وحدتِ عمل کی محکم بنیاد وحدتِ فکر ہوتی ہے اور وحدتِ فکر کا دوسرا نام آئیڈیالوجی کا اشتراک ہے۔ اِس وقت ہماری حالت یہ ہے کہ مختلف اسلامی ممالک تو ایک طرف کسی ایک ملک میں بسنے والے مسلمان بھی آپس میں بھائی بھائی نہیں ہیں۔۔۔ ان کے مفاد الگ الگ۔۔۔ ان کے مقاصد جدا جدا۔۔۔ ان کی راہیں متفرق۔۔۔ ان کی منزلیں متشتت۔۔۔ ان کی ہیئت اجتماعیہ۔۔۔ تحسبهم جميعا و قلوبهم شتا۔ (تم خیال کرو گے کہ یہ سب ایک ہیں' حالانکہ ان کے دل ایک دوسرے سے الگ الگ ہیں) کا عبرت انگیز مرقع۔۔۔ جو کیفیت کسی ایک ملک کے مسلمانوں کی ہے' وہی کیفیت مختلف ممالک کے مسلمانوں کے بین الاقوامی تعلقات کی ہے۔ ان تعلقات کے لئے انہیں باہمی سیاسی' تجارتی اور ثقافتی معاہدات کی ضرورت اسی طرح لاحق ہوتی ہے جس طرح غیر مسلم ممالک کو باہمی تعلقات کی استواری کے لئے' یا کسی مسلم ملک کو غیر مسلم قوم کے ساتھ تعلقات قائم کرنے کی خاطر۔۔۔ مسلم ممالک کے باہمی تعلقات' باہمی معاہدات کی حد تک محدود ہوتے ہیں۔۔۔ حالانکہ اخوت کے بعد معاہداتی تعلقات کا تصور ہی بے معنی ہے۔۔۔ اور جن ممالک میں اس قسم کے معاہدات نہیں ہوتے' ان میں باہمی تعلقات کچھ ایسے ہی ہوتے ہیں۔

موجودہ مسلمانوں کی یہی اجتماعی کیفیت تھی' جسے بطورِ دلیل پیش کر کے' (مولانا) ابوالکلام آزاد نے' اپنی زندگی کے آخری سانس میں' خود نفسِ اسلام کے خلاف یہ کچھ کہنے کی جرأت کر لی تھی کہ۔

اسلام نے اشتراکِ ایمان کی بنیادوں پر قومیت کی تشکیل کی کوشش کی' لیکن اس کا یہ تجربہ ناکام رہ گیا۔

حالانکہ' یہ شخص اپنے دل کی گہرائیوں میں اچھی طرح جانتا تھا کہ یہ اسلام کی ناکامی نہیں تھی۔ جب مسلمانوں نے اسلام کو چھوڑ دیا تھا' تب یہ کیفیت پیدا ہوئی تھی۔۔۔ بہرحال ہم کہنا یہ چاہتے ہیں کہ اس باب میں ہمیں جذبات سے بلند ہو کر حقائق کا سامنا کرنا چاہئے اور وہ ''حقائق'' یہ ہیں کہ چونکہ مسلم ممالک کا آئین' ضابطۂ خداوندی (قرآنِ کریم) پر متفرع نہیں' اس لئے ان میں اخوتِ اسلامی بھی موجود نہیں اور جب یہ اخوت ہی موجود نہیں تو اس اخوت کے جذبہ کو اپیل کر کے' مسلم ممالک کو کسی خطرہ کے مقابلہ کے لئے دعوتِ اتحاد دینا' مایوسی کو پکارنے کے سوا اور کیا ہے؟ یہ عجیب تماشا ہے کہ مسلمانوں کی تو باہمی کیفیت یہ ہے لیکن غیر مسلم قوتیں' مسلم ممالک کے درپئے تخریب اس لئے رہتی ہیں کہ یہ (ان کے خیال میں) اسلام کے علم بردار ہیں اور کوئی غیر مسلم قوم' شجرِ اسلام کو پھلتا پھولتا نہیں دیکھ سکتی۔ اسلام کے خلاف ان کے اتحاد کا اندازہ اس سے لگایئے کہ عیسائیوں کی سب سے زیادہ شدید عداوت یہودیوں کے ساتھ چلی آرہی تھی۔ یہ عداوت ان کے ایمان کا جزو تھی کیونکہ ان کا دعویٰ تھا کہ یہودیوں نے حضرت مسیحؑ کو حوالۂ صلیب کرایا تھا لیکن آپ نے دیکھا ہوگا کہ چند سال ادھر سے عیسائیوں میں یہ تحریک پھیلائی جارہی ہے کہ حضرت مسیحؑ کی تصلیب میں یہودیوں کا ہاتھ نہیں تھا۔ اس کی واحد مجرم رومن حکومت تھی۔ چنانچہ اب' ان کے ہاں تاریخ کو بدلا جارہا ہے اور حضرت مسیحؑ کے واقعہ صلیب کو نئے رنگ میں پیش کیا جارہا ہے۔ یہ تمام کوششیں' یہودیوں کی اسرائیلی حکومت کو تقویت پہنچانے کے لئے بروئے کار لائی جارہی ہیں۔ ان سازشوں کا جو نتیجہ ہو سکتا ہے اس کے متعلق کسی پیش گوئی کی ضرورت نہیں۔

اور ان سازشوں کا علاج اس کے سوا کچھ نہیں کہ مسلم ممالک' قرآن کریم کو اپنی مملکتوں کا آئین قرار دیں اور اس طرح پھر سے اس رشتۂ اخوت میں منسلک ہو جائیں جو اشتراکِ ایمان کا فطری نتیجہ ہے۔ اس کی ابتداء پاکستان سے ہونی چاہئے جس کی وجۂ جواز ہی اشتراکِ ایمان کی بنا پر قومیت کی تشکیل ہے اس لئے کہ سیاسی تغیرات کے باوجود پاکستانی عوام کے دل میں اخوتِ اسلامی کی چنگاری بدستور روشن ہے اور یہی وہ حرارت ہے جو ہمیں دیگر اقوام سے متمیز کرتی ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ماخوذ

قرآن مجید

﴿خدا کی آخری، مکمل۔۔اور۔۔غیر محرف کتاب﴾

زیر نظر مقالہ پرویز صاحب کی کتاب۔۔ ''مذاہب عالم کی آسمانی کتابیں''۔۔سے مقتبس ہے۔اس مقالہ میں خود قرآن مجید سے ثابت کیا گیا ہے کہ یہ کتاب عہد رسالتمآب ﷺ میں ہی منضبط اور محفوظ ہوگئی تھی۔ جہاں تک ایک مسلمان کا تعلق ہے اس کے لئے، قرآن کی شہادت کے بعد کسی اور شہادت کی ضرورت نہیں رہتی۔ باقی رہے غیر مسلم، سوان .... کے اطمینان کے لئے، غیر مسلم محققین اور مورخین کی چند ایک شہادات درج مقالہ ہیں، امید ہے اس سے ان شبہات کا ازالہ ہوجائے گا جنہیں وضعی روایات کی رو سے پیدا کرنے کی کوشش کی گئی تھی۔

(ادارہ)

★★★

اللہ تعالیٰ نے انسانی ہدایت کے لئے حضرات انبیاء کرامؑ کو بھیجا۔ یہ نبی دنیا کی ہر قوم میں اور ہر زمانے میں آتے رہے۔ نبی کو جو تعلیم وحی کے ذریعے سے ملتی تھی وہ اس کی کتاب کہلاتی تھی۔ جہاں تک اس تعلیم کے اصولوں کا تعلق تھا، یہ شروع سے اخیر تک ایک ہی چلے آرہے تھے۔ لیکن ان اصولوں کی روشنی میں جو احکام دیئے جاتے تھے، وہ اس قوم کی حالت کے مطابق ہوتے تھے جس قوم کی طرف وہ نبی آتا تھا۔ وہ نبی، اپنی قوم تک خدا کے پیغامات پہنچاتا ان پر عمل کر کے دکھاتا اور پھر اپنے وقت پر دنیا سے چلا جاتا۔ لیکن اس کے بعد، وہ قوم اس کتاب میں رد و بدل شروع کر دیتی۔ بعض اوقات وہ، کسی خارجی حادثہ کی وجہ سے، ضائع ہی ہو جاتی۔ اس کے بعد ایک اور نبی آجاتا۔ وہ پھر آسمانی تعلیم کو اس قوم تک پہنچاتا۔ اس کی تعلیم اصولی طور پر تو وہی ہوتی جو سابقہ نبی کی تھی۔ لیکن اگر زمانے کے تقاضے کے مطابق سابقہ نبی کی تعلیم کے احکام میں سے کسی میں کسی تبدیلی کی ضرورت ہوتی تو اس کی جگہ تبدیل شدہ حکم دے دیا جاتا۔ یہ اس نئے نبی کی کتاب کہلاتی۔ یہ سلسلہ، دنیا کی ہر قوم، اور ہر زمانے میں جاری رہا۔ لیکن ان کی کتابوں میں سے کوئی کتاب بھی دنیا میں اپنی اصلی شکل میں موجود نہیں۔ یعنی اس شکل میں موجود نہیں جس میں، ان کے نبی نے

انہیں دیا تھا۔

نزولِ قرآن کے وقت

ان کتابوں کی حالت آج ہی ایسی نہیں ہوئی۔ چھٹی صدی عیسوی میں' ان کی حالت ایسی ہی ہو چکی تھی۔ یعنی اس وقت دنیا کی کسی قوم کے پاس' آسمانی کتاب' اپنی اصلی حالت میں موجود نہیں تھی۔ بالفاظ دیگر' اس وقت وحی کی تعلیم دنیا میں کہیں بھی اپنی خالص' منزہ شکل میں باقی نہیں رہی تھی۔ اس وقت خدا نے' اسی سلسلہ کے مطابق' جو شروع سے چلا آ رہا تھا' ایک نبیؐ بھیجا اور اس کے ذریعے آسمانی تعلیم ایک بار پھر' انسانوں تک پہنچی۔ لیکن اس نبیؐ اور اس کی کتاب کی کچھ امتیازی خصوصیات تھیں یعنی:

(۱) سابقہ انبیائے کرامؑ صرف اپنی اپنی قوم کی طرف آتے تھے۔ لیکن اس نبی کو تمام دنیا کے انسانوں کی طرف نبی بنا کر بھیجا گیا۔

قل یایھا الناس انی رسول اللہ الیکم جمیعا ‹۷/۱۵۸›

کہد ے۔ اے نوعِ انسان! میں تم سب کی طرف خدا کا رسول ہوں۔

(۲) جب ''نوع انسان'' کہا گیا تو اس کے معنی یہ ہوئے کہ اس میں قیامت تک کے آنے والے انسان شامل تھے۔ چنانچہ اس کی وضاحت کر دی کہ اگرچہ اس رسول کی اولیں مخاطب وہی قوم ہے جس میں یہ پیدا ہوا ہے لیکن یہ ان کے علاوہ ان انسانوں کے لئے بھی رسولؐ ہے جو ان کے بعد آنے والے ہیں۔

واخرین منھم لما یلحقوا بھم...... ‹۶۲/۳›

اور ان کے علاوہ ان کی طرف بھی جو ابھی ان لوگوں سے نہیں ملے۔ (یعنی ان کے بعد آنے والے انسانوں کی طرف بھی)۔

تمام سابقہ کتابوں کی مہیمن

(۳) چنانچہ جو کتاب اس رسول کی طرف بھیجی گئی اس میں وہ ساری تعلیم یکجا کر دی گئی جو اصولی طور پر کتب سابقہ میں وقتاً فوقتاً دی جاتی رہی تھی لیکن جو اس وقت دنیا میں کہیں موجود نہ تھی۔

وانزلنا الیک الکتب بالحق مصدقا لما بین یدیه من الکتب ومھیمنا علیه...... ‹۵/۴۸›

اور ہم نے تیری طرف یہ کتاب حق کے ساتھ نازل کی۔ یہ ان تمام دعاوی کو سچ کر کے دکھائے گی جو کتب سابقہ میں کئے جاتے رہے ہیں اور ان تمام کتابوں کی تعلیم اس کے اندر آ گئی ہے۔

(۴) یہ بھی ضروری تھا کہ جو احکام اس کتاب میں دیے جاتے وہ صرف اس قوم کی حالت کے مطابق نہ ہوتے جو اس رسولؐ کی اولیں مخاطب تھی بلکہ پوری نوع انسانی کے

حالات اور تقاضوں کو پیش نظر رکھ کر دیئے جاتے اور اس شکل میں دیئے جاتے کہ ان میں پھر کسی تبدیلی کی ضرورت پیش نہ آتی۔ نیز' اس میں وہ سب تعلیم' جو تمام نوع انسان کو دی جانی مقصود تھی' مکمل شکل میں منضبط ہوتی۔ کیونکہ اس کتاب کو ہمیشہ کے لئے بطور ضابطہء حیات رہنا تھا۔ یعنی وہ مکمل بھی ہوتی اور غیر متبدل بھی۔ یہ کتاب ایسی ہی ہے۔

مکمل اور غیر متبدل

وتمت کلمت ربک صدقا وعدلا لا مبدل لکلمته........ (۶/۱۱۶)

تیرے رب کی طرف سے دیئے جانے والے احکام وقوانین' صدق اور عدل کے ساتھ مکمل ہو گئے۔ اب ان میں تبدیلی کرنے والا کوئی نہیں۔

(۵) جو کتاب ہر طرح سے مکمل ہو۔ اس میں کسی ردو بدل کی ضرورت نہ ہو' وہ تمام دنیا کے انسانوں کے لئے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے آسمانی ہدایت ہو۔ اس کا محفوظ رہنا ضروری تھا۔ چنانچہ اس کتاب کی حفاظت کا ذمہ خود خدا نے لے لیا۔

انا نحن نزلنا الذکر وانا له لحفظون ہ (۱۵/۹)

ہم نے اس ضابطہء ہدایت کو نازل کیا ہے اور ہم ہی اس کے محافظ ہیں۔

اس قسم کی حفاظت کہ کوئی غیر خداوندی بات اس کے قریب تک نہ پھٹک سکے۔

لا یاتیه الباطل من بین یدیه ولا من خلفه (۴۱/۴۲)

باطل اس کے آگے یا پیچھے' کہیں سے بھی اس کے پاس نہیں آسکے گا۔

اس رسول کا نام ہے' محمدؐ۔ اور اس کتاب کا نام' قرآن۔ جو چھٹی صدی عیسوی میں خدا کی طرف سے نازل ہوئی اور جسے مسلمانوں کی آسمانی کتاب کہا جاتا ہے' حالانکہ یہ درحقیقت تمام نوع انسان کی آسمانی کتاب ہے۔ ظاہر ہے کہ نبی' خدا کی طرف سے آتا ہی اس لئے تھا کہ وہ خدا کی وحی انسانوں تک پہنچائے۔ جب وہ وحی اپنی مکمل غیر متبدل اور محفوظ شکل میں انسانوں کے پاس موجود ہو تو پھر کسی نبی کے آنے کی ضرورت ہی باقی نہیں رہتی۔

ختم نبوت

چنانچہ' اس رسولؐ کے بعد نبوت کے سلسلہ کو ختم کر دیا گیا اور اسے **خاتم النبیین (۳۳/۴۰)** کہہ کر پکارا گیا۔

یہ ہے وہ کتاب (قرآن مجید) جو اپنی اصلی اور حقیقی شکل میں دنیا میں موجود ہے اور جس میں ایک حرف کا ردو بدل نہیں ہوا۔ اس دعویٰ کی تصدیق خود اس کتاب کی داخلی شہادات اور تاریخ کے بیانات کرتے ہیں۔ پہلے داخلی شہادت کو لیجئے۔

★★★

کتابت کا رواج

زمانہ نزول قرآن میں، عربوں میں کتابت (لکھنے پڑھنے) کا رواج اتنا عام تھا کہ مسلمانوں کو حکم دیا گیا کہ

اذا تداینتم بدین الی اجل مسمی فاکتبوہ ﴿۲/۲۸۲﴾

''جب تم کسی مدت کے لئے لین دین کا معاملہ کرو تو اسے لکھ لیا کرو۔''

اس کے بعد اس آیت میں اس لکھت پڑھت کے لئے تفصیلی ہدایات دی گئی ہیں۔ ظاہر ہے کہ اس قسم کا حکم اسی صورت میں دیا جا سکتا ہے جب لکھنے پڑھنے کا رواج عام ہو۔ معاملات کو ضبط تحریر میں لانے کی اہمیت یہ کہہ کر واضح کی کہ یہ **اقوم للشھادۃ** ہوتا ہے۔(۲/۲۸۲) یعنی اس سے شہادت محکم ہو جاتی ہے۔

یہ واضح ہے کہ جس قوم کو عام لین دین کے معاملات کو ضبط تحریر میں لانے کا ایسا تاکیدی حکم دیا گیا تھا اس قوم نے اپنی آسمانی کتاب کو تحریر میں لانے کے لئے کیا کیا اہتمام نہیں کئے ہوں گے جو اس کے لئے ضابطہء زندگی تھی اور جس کی راہنمائی کی اسے قدم قدم پر ضرورت پڑتی تھی۔ یہ کتاب ایک ہی بار نازل نہیں ہوئی تھی۔ نبی اکرمؐ کی تئیس سالہ نبوت کی زندگی میں، تدریجاً نازل ہوئی تھی۔

وقال الذین کفروا لولا نزل علیہ القران جملۃ واحدۃ...... ﴿۲۵/۳۲﴾

کفار اعتراض کرتے ہیں کہ یہ قرآن، اس رسول پر (پورے کا پورا) ایک ہی بار کیوں نہ نازل ہو گیا۔

قابل اعتماد کاتب

جوں جوں وحی نازل ہوتی تھی، اسے نہایت احتیاط سے ضبط تحریر میں لے آیا جاتا تھا۔ صحابہؓ اسے اپنے اپنے طور پر بھی لکھتے تھے لیکن بابِ نبوت کی طرف سے اس کا خاص اہتمام کیا جاتا تھا اور اس عظیم ذمہ داری کے لئے نہایت قابل اعتماد کاتبوں کا انتخاب عمل میں لایا جاتا تھا، جو نہ صرف فن کتابت ہی کے ماہر ہوں بلکہ سیرت و کردار کے اعتبار سے بھی رفیع المنزلت ہوں۔

فی صحف مکرمۃ مرفوعۃ مطھرۃ بایدی سفرۃ کرام بررۃ...... ﴿۸۰/۱۳-۱۶﴾

(یہ وحی) ایسے صحیفوں میں محفوظ کر دی جاتی ہے جو نہایت واجب العزت ہیں۔ رفیع الشان اور ہر قسم کی غلطیوں اور آمیزیوں سے پاک اور صاف۔ ایسے کاتبوں کے ہاتھ کی لکھی ہوئی جو معاشرہ میں بڑی ہی عزت و تعظیم کی نگاہ سے دیکھے جاتے ہیں۔

حفاظت کی غرض سے اسے عام طور پر ان اوراق پر لکھا جاتا تھا جو (اس زمانے کے رواج کے مطابق) باریک کھال

(رق) سے بنائے جاتے تھے۔

کتب مسطور۔ فی رق منشور...... (۵۲/۲-۳)

پھیلے ہوئے رق پر لکھی ہوئی کتاب۔

اس طرح یہ وحی ایک کتاب کے اندر محفوظ ہوتی چلی جاتی تھی۔

انہ لقران کریم۔ فی کتب مکنون...... (۵۶/۷۷-۷۸)

یہ باعزت قرآن ہے۔ ایک محفوظ کتاب کے اندر۔

رسولؐ اللہ ان پڑھ نہیں تھے

یہ جو کہا جاتا ہے کہ نبی اکرمؐ ان پڑھ تھے۔ لکھنا پڑھنا نہیں جانتے تھے۔ یہ صحیح نہیں۔ نبوت سے پہلے تو بے شک آپ کی یہی کیفیت تھی۔ لیکن نبوت کے بعد یہ بات نہیں تھی۔

وما کنت تتلوا من قبلہ من کتب ولا تخطہ بیمینک...... (۲۹/۴۸)

اس (نبوت) سے پہلے نہ تو کتاب پڑھنا جانتا تھا نہ اپنے ہاتھ سے لکھنا۔

من قبلہ۔ (اس سے پہلے) کی تخصیص اس امر کی شہادت دیتی ہے کہ نبوت کے بعد حضورؐ کی کیفیت ایسی نہیں رہی تھی۔ آپ لکھنا پڑھنا جانتے تھے۔

اس کتاب کی تلاوت مسلمانوں کے گھروں میں عام ہوئی تھی خود نبی اکرمؐ کے اہل خانہ کے متعلق قرآن میں ہے:

واذکرن ما یتلی فی بیوتکن من ایت اللہ والحکمۃ...... (۳۳/۳۴)

(اے نبیؐ کی بیویو!) جو کچھ تمہارے گھروں میں' احکام خداوندی اور ان کی غرض وغایت (حکمت) کے متعلق (قرآن سے) پڑھا جاتا ہے' اسے ہمیشہ پیش نظر رکھو۔

حفاظ

اس وحی کو نہ صرف کتاب کے ذریعے محفوظ کیا جاتا تھا' بلکہ اسے لفظ بلفظ حفظ بھی کیا جاتا تھا۔

بل ھو ایت بینت فی صدور الذین اوتوا العلم...... (۲۹/۴۹)

یہ واضح آیات ہیں ان لوگوں کے سینے میں (محفوظ) جنہیں (وحی) کا علم دیا گیا ہے۔

اس طرح اس کتاب کی دہری حفاظت کی جاتی تھی -- بذریعہ تحریر اور بذریعہ حفظ -- ظاہر ہے کہ جو چیز اس طرح محفوظ کی جائے نہ اس میں کسی غلطی کا امکان ہوسکتا ہے نہ اس کے تلف ہونے کا خطرہ۔ یہ کتاب خود ان لوگوں کی زبان میں تھی اور اس کا انداز بیان نہایت واضح تھا۔ **بلسان عربی مبین...... (۲۶/۱۹۵)** اس لئے

ان لوگوں کو نہ اس کے لکھنے یا حفظ کرنے میں کوئی دقت پیش آتی تھی' نہ اس کے سمجھنے سمجھانے میں کوئی مشکل۔۔ اس کی تلاوت ہر گھر میں ہوتی تھی اور اس کا چرچا ہر جگہ۔ وہ سفر و حضر میں اسے اپنے ساتھ رکھتے تھے۔ کیونکہ یہ زندگی کے ہر گوشے میں ان کے لئے ضابطہء حیات تھی اور انہیں ہر مقام پر اس سے راہ نمائی لینے کی ضرورت پڑتی تھی۔

اس طرح یہ کتاب ساتھ کے ساتھ محفوظ ہوتی گئی اور جب نبیؐ اکرم اس دنیا سے تشریف لے گئے ہیں تو یہ بعینہٖ اسی شکل اور ترتیب میں جس میں یہ اس وقت ہمارے پاس ہے' لاکھوں مسلمانوں کے پاس موجود' اور ہزاروں سینوں میں محفوظ تھی اس کی مستند کاپی (Master Copy) مسجد نبویؐ میں ایک ستون کے قریب' صندوق میں رکھی رہتی تھی۔ یہ وہ نسخہ تھا جس میں نبی اکرمؐ سب سے پہلے وحی لکھوایا کرتے تھے۔ اسے امام یا ام کہتے تھے اور اس ستون کو جس کے قریب یہ نسخہ رہتا تھا ''اسطوانہ مصحف'' کہا جاتا تھا۔ اسی ستون کے پاس بیٹھ کر' صحابہ کرامؓ ' نبی اکرمؐ ' کی زیرنگرانی' اس مصحف سے اپنے اپنے مصاحف نقل کیا کرتے تھے۔ اس کتاب کی اشاعت اس قدر عام ہو چکی تھی کہ جب نبی اکرمؐ نے اپنے آخری حج (حجۃ الوداع) کے خطبہ میں' لاکھوں نفوس کو مخاطب کر کے پوچھا کہ کیا میں نے تم تک خدا کا پیغام پہنچا دیا ہے' تو چاروں طرف سے یہ آواز گونج اٹھی کہ ہاں! آپؐ نے اسے پہنچا دیا ہے۔ یہی تھی وہ کتاب' جس کے متعلق حضرت عمرؓ نے' نبی اکرمؐ کی حیات طیبہ کے آخری لمحات میں' دیگر صحابہؓ کی موجودگی میں فرمایا تھا کہ۔۔ **''حسبنا کتاب الله''**۔ ہمارے لئے خدا کی کتاب کافی ہے۔۔ اور جس کے شک و شبہ سے بالاتر ہونے کے متعلق' خود اس کی اپنی شہادت موجود ہے۔ چنانچہ' قرآن کریم کی تمہید (سورۂ فاتحہ) کے بعد' پہلی سورت (سورۂ بقرہ) کی ابتداء ان الفاظ سے ہوتی ہے کہ

الم o ذلک الکتب لاریب فیه

...........‹۲/۲›

خدائے علیم و حکیم کا ارشاد ہے کہ یہ وہ کتاب ہے جس میں کسی قسم کی شک والی بات نہیں۔

ایک غلط فہمی کا ازالہ

یہ جو عام طور پر کہا جاتا ہے کہ نبی اکرمؐ قرآن کو مرتب شکل میں دے کر نہیں گئے تھے اور اس کو حضرت ابوبکرؓ کے زمانہ میں جمع اور مدون کیا گیا تھا' یہ صحیح نہیں۔ ''کتاب'' تو کہتے ہی اسے ہیں جو مرتب شکل میں موجود ہو۔ علاوہ ازیں خود ہماری کتبِ روایات میں بکثرت شہادات ایسی ملتی ہیں جن سے واضح ہو جاتا ہے کہ نبی اکرمؐ کے زمانہ میں قرآن کریم اسی ترتیب کے ساتھ مدون شکل میں موجود تھا۔ خلافت راشدہ کے زمانے میں' اس کی عام نشرواشاعت ہوئی۔ البتہ ایک ضرورت واضح تھی۔ افراد امت کے پاس قرآن کے اپنے اپنے نسخے تھے۔ مدینہ میں مستند صحیفہ

(Master Copy) موجود تھا۔ اس لئے اہل مدینہ کو اس باب میں کوئی دقت محسوس نہیں ہوتی تھی کہ وہ اپنے اپنے نسخوں کو اس مستند صحیفے سے ملا کر، اپنے نسخہ کی صحت کے متعلق مطمئن اور متیقن ہو جائیں۔ لیکن باہر والوں کو اس میں دقت پیش آ سکتی تھی۔ اس مقصد کے لئے ضروری تھا کہ قرآن کریم کے مستند نسخے، مختلف مراکز میں موجود ہوں۔ یہ نسخے حکومت کی طرف سے مرتب کر کے بھیجے جاتے تھے۔ لوگ ان، نسخوں سے مقابلہ کر کے اپنے اپنے نسخوں کی تصحیح کر لیتے تھے۔

قرآن کے لاکھوں نسخے

امام ابن حزم نے لکھا ہے کہ خلیفہء اول کے زمانے میں کوئی شہر ایسا نہیں تھا جہاں لوگوں کے پاس بکثرت قرآن کریم کے نسخے نہ ہوں اور حضرت عمرؓ کے زمانے میں، مسلمانوں کے پاس اس کتاب عظیم کے لکھے ہوئے نسخے ایک لاکھ سے کم نہ تھے۔ (کتاب الفصل، الملل والنحل)۔ حضرت عثمانؓ نے اپنے زمانے میں جو سات (یا بعض روایات کے مطابق آٹھ) مستند اور مصدقہ نسخے مرتب کرائے تھے اور ان میں سے ایک مدینہ میں رکھ کر باقی مختلف شہروں میں بھیجے تھے، ان کی تفصیل کتبِ تاریخ میں موجود ہے۔

ضمناً اتنا اور سمجھ لینا چاہئے کہ حضرت عثمانؓ کو جو ''جامع القرآن'' کہا جاتا ہے تو یہ بھی صحیح نہیں۔ آپ جامع القرآن نہیں تھے۔ دیگر خلفاء کی طرح، ناشر قرآن ہی تھے۔ انہوں نے البتہ اس کا اہتمام ضرور کیا تھا کہ کہیں کوئی ایسا نسخہ نہ رہے جو ان مستند اور مصدقہ نسخوں کے مطابق نہ ہو اور ایسا کرنا نہایت ضروری تھا۔ لوگوں نے جو نسخے اپنے اپنے طور پر مرتب کئے تھے ان میں سہو اور خطا کا امکان ہو سکتا تھا۔ اس زمانے میں چھاپے خانے تو تھے نہیں کہ حکومت، اپنی زیر نگرانی، قرآن کریم کے لاکھوں نسخے چھپوا کر تقسیم کر دیتی، اور اس طرح غیر مصدقہ نسخے باقی نہ رہتے۔ اس کے لئے یہی انتظام کیا جا سکتا تھا کہ مصدقہ نسخے مختلف مراکز میں بھیج کر ہدایت کر دی جاتی کہ لوگ ان کے مطابق اپنے لئے نسخے مرتب کر لیں اور اگر کسی کے پاس کوئی ایسا نسخہ ہو جو ان کے مطابق نہ ہو، اسے تلف کر دیا جائے تاکہ کسی ایسے نسخے کی اشاعت نہ ہونے پائے جس میں کوئی غلطی ہو۔

حضرت عثمانؓ کے مصدقہ نسخے

حضرت عثمانؓ نے اپنے مستند نسخوں میں سے جو نسخہ مدینہ میں رکھا تھا (جسے امام کہتے تھے اور جو آپ کی شہادت کے وقت آپ کے سامنے موجود تھا) اس کا سراغ قریب قریب مسلسل اور مربوط اطلاعات کے ذریعے چوتھی صدی ہجری تک ملتا ہے۔ (اس کے بعد تاریخی بیانات میں قدرے اختلاف پایا جاتا ہے) چنانچہ تیسری صدی کے ایک محقق، ابوعبیدہ ابوالقاسم بن سلام (متوفی ۲۲۳ھ) نے (کتاب القرات میں) بیان کیا ہے کہ اس نے اس مصحف کو

خود دیکھا تھا۔ مشہور سیاح ابن بطوطہ کا بیان ہے کہ اس نے اسے (آٹھویں صدی ہجری میں) بصرہ میں دیکھا تھا۔ دسویں صدی ہجری میں' (ابو تیمور کے زمانے میں) ابوبکر الشاشی نے اسے حضرت عبداللہ کے مزار پر رکھ دیا۔ جب روس میں بالشویک حکومت قائم ہوئی تو یہ نسخہ ان کے ہاتھ آ گیا۔ اس کے متعلق ۱۹۵۹ء میں روس کے ایک رسالہ (سوویٹ دیس) میں جو اطلاعات شائع ہوئی تھیں ان میں کہا گیا تھا کہ یہ (مصحفِ عثمانی) تیمور کے کتب خانہ میں تھا جو ۱۳۹۳ء میں سمرقند میں قائم کیا گیا تھا۔ اس کے بعد معلوم نہیں کن حالات کے تحت' یہ نسخہ اس کتب خانے سے نکل کر سمرقند کی مسجد خواجہ احرار میں آ گیا اور صدیوں تک اس مسجد میں ایک مرمریں ستون سے' زنجیروں کے ساتھ معلق رہا۔ ۱۸۶۸ء میں روسی شہنشاہیت بخارا پر قابض ہوئی تو روسی گورنر جنرل (دان کاف مان) نے اسے خرید کر' پیٹرس برگ کے شاہی کتب خانہ میں تحفتہً بھیج دیا۔ ۱۹۱۷ء کے انقلاب روس کے بعد' یہ نسخہ' حکومت کے ایک فرمان کے مطابق' روسی پارلیمان کے مسلم نمائندوں کے ایک جلسہ میں اوفا پہنچا۔ پھر اسے تاشقند لایا گیا۔ روسی نشریہ میں اس نسخہ پر' حضرت عثمانؓ کے خون کے نشانات کا بھی ذکر کیا گیا ہے اور کہا گیا ہے کہ روسی مستشرقین نے اس کی قدامت تسلیم کر لی ہے۔

۱۹۶۵ء میں ایک پاکستانی وفد' زیر قیادت (اس زمانے کے صدر مملکت پاکستان) محمد ایوب خان (مرحوم) روس گیا تھا۔ وہاں انہیں اس مصحف کا ایک مکمل عکسی نسخہ بطور تحفہ دیا گیا تھا۔

۱۴ مارچ ۱۹۷۶ء کے روزنامہ ڈان (کراچی) میں (H.A.Hamied) صاحب کا ایک مقالہ شائع ہوا تھا جس میں انہوں نے اس نمائشِ کتب کی تفصیل دی تھی جو نیشنل میوزیم (کراچی) میں انٹرنیشنل سیرت کانگریس کی تقریب پر منعقد کی گئی تھی' اس میں مصحف عثمانی کا وہ عکسی نسخہ بھی تھا' جسے صدر ایوب خان (مرحوم) روس سے اپنے ساتھ لائے تھے۔ اس ضمن میں صاحبِ مقالہ نے لکھا تھا:

> قرآنِ کریم کا یہ نسخہ' جو قدیم کوفی رسم الخط میں مرقوم ہے' وہ ہے جسے خلیفہء ثالث (حضرت عثمانؓ) نے مصر بھیجا تھا' اور اسکے بعد وہ بغداد پہنچ گیا تھا۔ ازاں بعد اسے حضرت شیخ ابوبکر محمد بن علی القیقل الشما شمانے' جن کی اہل بغداد کی نظروں میں بڑی قدر ومنزلت تھی' بطور تحفہ تاشقند بھیج دیا تھا۔ حضرت عثمانؓ کی شہادت کے وقت یہ نسخہ ان کے زیر تلاوت تھا۔ جب فیلڈ مارشل محمد ایوب خان (مرحوم) روس تشریف لے گئے تو انہیں یہ نسخہ تحفتہً دیا گیا تھا۔

یعنی اب وہ عکسی نسخہ نیشنل لائبریری' کراچی کی وجہ زینت و افتخار ہے۔

ایک نسخہ مدینہ میں موجود تھا جسے جنگِ عظیم میں ترکی گورنر فخری پاشا، دوسرے متبرکات کے ساتھ، قسطنطنیہ لے گئے تھے اور اب کہا جاتا ہے کہ وہاں موجود ہے۔

ایک نسخہ کے متعلق مولانا شبلی نعمانی (مرحوم) نے لکھا تھا کہ انہوں نے اسے جامعہ دمشق میں (غالباً ۱۸۹۶ء میں) دیکھا تھا۔

ایک نسخہ کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ فاس میں ہے۔ ایک کتب خانہ خدیویہ (مصر) میں۔ ایک نسخہ جو کوفہ بھیجا گیا تھا، قسطنطنیہ میں ہے۔ ایک نسخہ لندن میں ہے۔

ان نسخوں کی تاریخی تحقیقات کے متعلق مبسوط مقالہ، پرویز صاحب کی کتاب ''مذاہبِ عالم کی آسمانی کتابیں'' کے اخیر میں ثبت ہے۔ اربابِ ذوق کے لئے اس کا مطالعہ بھی مفید رہے گا۔

ان کے علاوہ، متعدد صحابہؓ کے لکھے ہوئے نسخے، ہندوستان، ایران، مصر، عرب اور ترکی کے کتب خانوں اور عجائب گھروں میں ملتے ہیں۔

لیکن اگر (بفرضِ محال) یہ نسخے اس وقت موجود نہ بھی ہوتے تو بھی قرآن کریم کی صحت کے متعلق کسی شک و شبہ کی گنجائش نہ تھی۔ نبی اکرمؐ کے زمانہ سے لے کر اس وقت تک، مسلمانوں کی عام آبادی ہی نہیں، بلکہ ان کی سلطنتیں، مختلف ملکوں میں مسلسل اور متواتر چلی آ رہی ہیں۔ قرآن پر ہر مسلمان کا ایمان ہے۔ اس کا کم از کم ایک نسخہ ہر گھر میں موجود رہتا ہے۔ اسکی تعلیم ہر بچے کو دی جاتی ہے۔ اس کے متعلق (تفسیر وغیرہ کے ہر سلسلہ میں) شروع سے آج تک ہزارہا کتابیں لکھی گئی ہیں۔ اس تمام دوران میں قرآن کریم کے کسی ایک نسخے کا سراغ تک نہیں ملتا جو دوسرے نسخوں سے مختلف ہو۔ علاوہ بریں، رسول اللہؐ کے زمانہ سے لے کر اس وقت تک لاکھوں کروڑوں کی تعداد میں قرآن کے حافظ، مسلسل اور پیہم چلے آ رہے ہیں۔ ہر سال کروڑوں مسلمانوں کی موجودگی میں (رمضان المبارک) میں قرآن کریم کو دہرایا جاتا ہے اور یہ سلسلہ بھی صحابہؓ کے زمانہ سے متواتر چلا آ رہا ہے۔ ان حالات میں کیا اس حقیقت کے تسلیم کرنے میں کسی شبہ کی گنجائش رہ جاتی ہے کہ قرآن کریم اپنی اصلی اور حقیقی شکل میں امت کے پاس مسلسل چلا آ رہا ہے؟

یہ تو قرآن کریم کی داخلی شہادات تھیں۔ جہاں تک خارجی تحقیق کا تعلق ہے مشہور مستشرق (Hortnig Hirschfeld) اپنی کتاب۔۔ (New Researches into The Composition and Exegess of the Quran) میں لکھتا ہے:

> عہد حاضر کے نقاد اس پر متفق ہیں کہ قرآن کے موجودہ نسخے اس اصلی نسخے کا ہو بہو عکس ہیں جسے (حضرت) زیدؓ نے لکھا تھا اور قرآن کا متن بعینہٖ

وہی ہے جسے محمدؐ نے (لکھا کر) دیا تھا۔

سر ولیم میور جیسا متعصب اہل قلم' اپنی کتاب (Life of Muhammad) میں لکھتا ہے:

یہ یقینی بات ہے کہ قرآن جس شکل میں ہمارے پاس اِس وقت موجود ہے' یہ بعینہٖ اسی شکل میں' (حضرت) محمدؐ کی زندگی میں جمع اور مرتب ہو چکا تھا۔

کچھ سال اُدھر' سر جان ہمرٹن کے زیرِ اہتمام' یونیورسل انسائیکلوپیڈیا' گیارہ جلدوں میں شائع ہوا تھا' ''قرآن'' کے عنوان سے جو مقالہ درج ہے' اس میں تحریر ہے:

یہ کتاب' پیغمبر محمدؐ پر' ان کی زندگی کے آخری تئیس (۲۳) سال میں مکہ اور مدینہ میں نازل ہوتی رہی اور مسلمانوں کے عقیدہ میں کلامِ الٰہی ہے۔ یہ خلاف حدیث کے جو مجموعہء کلام رسولؐ ہے۔ قرآن پیغمبر کی زندگی ہی میں اور انہی کی زیر ہدایت ونگرانی ضبطِ تحریر میں آ گیا تھا اور ان کے صحابیوںؓ نے اسے حفظ یاد کر لیا تھا اور یہ معمول آج تک جاری ہے۔ چنانچہ صدہا مسلمان کلام پاک کے حافظ ہیں اور اسے سارے کا سارا دہرا سکتے ہیں بغیر کسی ایک غلطی کے۔

اس کتاب کا دعویٰ ہے کہ اس میں تمام کتبِ آسمانی کے حقائق آ گئے ہیں اور یہ کہ وہ' آخری اور ناقابل تغیر کتاب ہے۔ نیز یہ کہ نوع انسان کے لئے وہ جامع ترین دستور العمل ہے' اور یہی دین ابراہیمؑ وموسیٰؑ (علیہم السلام) اور سارے قدیم انبیاؑء کا رہ چکا ہے۔

ان کے علاوہ ایک حالیہ شہادت' ان سب سے زیادہ واضح ہے۔ پیرس کے ڈاکٹر (Maurice Bucaille) نے ایک شہرۂ آفاق کتاب (The Bible, The Quran and Science) لکھی ہے جس نے بین الاقوامی شہرت حاصل کر لی ہے۔ اس میں اس نے بتایا ہے کہ تخلیق ونظام کائنات کے متعلق جو کچھ بائبل میں آیا ہے' عصر حاضر کے سائنٹیفک انکشافات ان سب کی تردید کرتے ہیں' لیکن جو کچھ قرآن مجید نے کہا ہے' یہ انکشافات اس کی تائید وتوثیق کرتے ہیں یہ ایک الگ موضوع ہے جس کے متعلق طلوعِ اسلام میں تفصیل سے لکھا جا چکا ہے۔ اس کتاب میں' ایک مستقل باب ہے۔ ''قرآن کے مستند ہونے کا ثبوت۔۔ یہ کس طرح مرتب ہوا تھا۔'' اس میں اس نے مختلف شہادات سے یہ ثابت کیا ہے کہ یہ کتاب شروع ہی میں مرتب اور محفوظ ہو گئی تھی اور اب تک غیر محرف چلی آ رہی ہے۔

اپنوں کی نہیں' بلکہ غیروں کی ان شہادات کے بعد' کیا اس حقیقت کے تسلیم کرنے میں کوئی شبہ رہ جاتا ہے

کہ قرآن کریم بعینہٖ اسی شکل میں ہمارے پاس موجود ہے جس شکل میں اسے نبی اکرمؐ نے امت کو دیا تھا۔

شیعی دنیا کے نامور فاضل، شیخ محمد حسین۔۔ الکاشف الغطا کی کتاب ''اصل الشیعه واصولها'' کا اردو ترجمہ ''اصل واصول شیعه''۔۔رضا کار بک ڈپو لاہور نے شائع کیا تھا۔اس میں وہ لکھتے ہیں:

وہ کتاب جو اس وقت مسلمانوں کے ہاتھ میں ہے یہ وہی ہدایت نامہ ہے جسے پروردگار عالم نے معجزہ بنا کر نازل کیا اور اس کے ذریعے احکام دین کی تعلیم دی۔نہ اس میں کوئی کمی ہوئی نہ زیادتی۔مسلمانوں میں جو لوگ تحریف کے قائل ہیں وہ خطا پر ہیں۔کیونکہ اس اعتقاد سے نصِ قرآنی۔۔**انا نحن نزلنا الذکر و انا له لحفظون**۔۔ کی تردید ہوتی ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

منصور سرمدی، راولپنڈی

قتلِ مرتد اور قرآنِ کریم

متاعِ شیخ اساطیرِ کُہن بود
حدیثِ اُوہمہ تخمین و ظن بود
ہنوز اسلامِ اُو زُنار دار است
حرم چوں دیر بود اُو برہمن بود

یوں تو اکیسویں صدی عمومی طور پر جملہ مسلمانوں کے لئے کوئی اچھا ''شگون'' لے کر نہیں آئی مگر خاص طور پر ''روایتی'' مسلمان کے لئے تازیانۂ قہر ثابت ہو رہی ہے۔ سائنسی، علمی اور فکری میدانوں میں تو وہ صدیوں سے چت تھا ہی، مگر اب کے جو 'مغربیت' کی ہوا چلی ہے تو اس کا سب سے بڑا ہدف ''روایتی'' مسلمان کے وہ دیرینہ عقائد و نظریات ہیں جنہیں وہ صدیوں سے زمانے کے گرم و سرد سے بچاتا اور بلا سوچے سمجھے خدا کے غیر متبدل قوانین جان کر مانتا چلا آ رہا تھا۔ خواہ صغرسنی کے نکاح (Child Marriage) کا مسئلہ ہو یا عورت کی سربراہی کا، غلاموں اور لونڈیوں کے جواز کا معاملہ ہو یا مساوات حقوق مرد و زن کا، الغرض سائنسی ایجادات کی تحلیل و تحریم کا معاملہ ہو یا پھر مرتد کے لئے سزائے قتل کا، آج ہمارا یہ روایتی مسلمان ان موضوعات پر 'روایاتی' موقف کا دفاع کرنے میں بے بس نظر آتا ہے۔ مذکورہ بالا نظریات پر مدلل جرح و تنقید کا سامنا کرتے ہوئے آج وہ جھینپا جھینپا سا دکھائی دیتا ہے۔ آخر ایسا کیوں ہے؟

بات یہ نہیں ہے کہ مغرب کی جانب سے یہ طعن و تنقید اور دلائل و براہین اچانک کہیں سے منصۂ شہود پر آ گئے ہیں۔ مستشرقین تو ایک عرصے سے یہ واویلا کئے چلے جا رہے ہیں۔ دراصل بیسویں صدی کے آخری عشرہ اور اکیسویں صدی کے آغاز میں ایک بڑا واقعہ (Clossal Event) رونما ہوا ہے۔ اسے جانکاہ حادثہ کہئے یا ایک عظیم کامیابی کہ انفارمیشن ٹیکنالوجی نے انٹرنیٹ، کیبل نیٹ ورک، ٹی وی، سی ڈیز ور آن لائن اخبارات و رسائل وغیرہ کے ذریعے مغربی اور مشرقی عوام کے مابین موجود اس

مواصلاتی خلیج (Communication Gap) کو پاٹ دیا ہے جو صدیوں سے چلی آ رہی تھی اور اسی سے اس کشمکش نے جنم لیا ہے جسے 'تہذیبوں کے تصادم' کا نام دیا جا رہا ہے۔ غضب یہ ہوا ہے کہ اس صدی کے آغاز میں تہذیبوں کے میل جول کے باعث محولہ بالا عقائد پر روایتی مسلمان کو پہلی بار شدید تنقید کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے' جس کی وجہ سے وہ حیران و پشیمان بلکہ صدمے کی کیفیت سے دوچار ہے۔ اس بیچارے کو ہمارے احبار و رہبان کی جانب سے یک طرفہ ذہن سازی (Brain Washing) کے ذریعے ساون کا اندھا بنا دیا گیا تھا۔ اس نے یہ تنقید کبھی سنی ہی نہیں تھی۔ اب جو اسے مدلل تنقید سے پالا پڑا ہے تو اس کی سانس پھول رہی ہے' اس کی آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا رہا ہے اور اسے کچھ سجھائی نہیں دے رہا ہے۔ اس کی آنکھوں کے سامنے اسلام کے ''مسلمہ'' عقائد و نظریات کو ایک ایک کر کے ہدف ملامت واستہزاء بنایا جا رہا ہے اور وہ بے چارہ مدد کے لئے کبھی احبار و رہبان کی طرف امید بھری نظروں سے دیکھتا ہے اور کبھی بے بسی سے آسمان کی طرف۔ چونکہ اس روایتی مسلمان کو اسلام سے حد درجہ عقیدت و شیفتگی ہے (اور ہونی بھی چاہئے)' اس لئے موجودہ صورتِ حال اس کے لئے غایت درجہ تشویشناک اور وجۂ صد اضطراب ہے۔

یہ بات طے ہے کہ ایک طرف تو مذکورہ بالا عقائد و نظریات دور جدید کے تقاضوں سے بالکل مطابقت نہیں رکھتے' دوسری طرف انہیں منسوب کیا جاتا ہے خدا کی طرف۔ یہاں قدرتی طور پر سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا خدا کے بنائے ہوئے قوانین (معاذ اللہ) ایسے ہی ناپائیدار و ناقص ہیں جو مغرب کے تنقیدی طوفان کے ایک ریلے کا سامنا بھی نہ کر سکیں؟ اور ہمارا روایتی مسلمان ان کے دفاع سے عاجز آ جائے؟ یقیناً ایسا نہیں ہے۔ قوانین خداوندی ایسے کسی بھی نقص و عیب سے منزہ ہیں۔ قوانین خداوندی اٹل ہوا کرتے ہیں (6/34, 6/116)۔ خدا اپنا قانون تبدیل نہیں کیا کرتا (17/77)۔ لہٰذا قوانینِ خداوندی میں کوئی سقم بار نہیں پا سکتا۔ یہ سقم خود ہم مسلمانوں میں تو ہو سکتا ہے مگر خدا کا قانون اس سے بری الذمہ ہے۔

گر من آلودہ دامنم چہ عجب
ہمہ عالم گواہ عصمتِ اُوست

یہ اللہ تعالیٰ کا احسانِ عظیم ہے کہ اس نے اپنی وحی کے ایک ایک لفظ کو محفوظ کر لینے کا وعدہ کیا اور آج یہ وحی ہمارے پاس قرآن کریم کی شکل میں محفوظ و مصئون ہے۔ ہم جس وقت چاہیں کسی بھی عقیدے' نظریے یا قانون کو کتاب اللہ کی روشنی میں پرکھ کر معلوم کر سکتے ہیں کہ آیا وہ قرآنی تعلیمات کے مطابق ہے یا نہیں۔ مضمون کے آغاز میں جن عقائد و نظریات کا ذکر کیا گیا ہے' قرآن مجید کی روشنی میں ان سب کا تجزیہ کرنا تو اس مختصر سے مقالے میں ممکن نہیں ہے

کہ: ؎

سفینہ چاہئے اس بحرِ بیکراں کے لئے

آج کی نشست میں صرف مؤخرالذکر عقیدہ پر تفصیلی گفتگو کی جائے گی۔

چند ماہ پہلے افغانستان کے ایک شہری عبدالرحمان' جس نے پندرہ سال پہلے مذہب اسلام ترک کر کے مسیحیت اپنا لی تھی' کو حکومت افغانستان نے گرفتار کر کے اس پر ارتداد کا مقدمہ چلایا۔ جس کے نتیجے میں ماتحت عدالت نے مروجہ شرعی قانون کے مطابق عبدالرحمان کو موت کی سزا سنا دی تھی۔ یہ مقدمہ اعلیٰ عدالتوں تک پہنچتے پہنچتے اخبارات اور برقی ذرائع ابلاغ کے ذریعے پوری دنیا کی توجہ حاصل کرنے میں کامیاب ہو گیا۔ جس پر مغربی ممالک بالخصوص امریکہ اور اٹلی کی حکومتوں نے افغان حکومت پر زور دیا کہ وہ عبدالرحمان کو محض تبدیلیٔ مذہب کی بنیاد پر موت کی سزا دینے سے باز رہے۔ چنانچہ عبدالرحمان کو مذکورہ ممالک کے دباؤ پر دماغی مریض قرار دے کر رہا کر دیا گیا۔ اٹلی نے اسے سیاسی پناہ فراہم کر دی اور یوں معاملہ نپٹا دیا گیا۔ افغانستان کی مذہبی پیشوائیت نے اس پر کافی احتجاج کیا مگر اسے درخورِ اعتنا نہیں سمجھا گیا۔ اس مقدمہ کے نتیجہ میں ''اسلام'' ایک مرتبہ پھر مغرب کے تنقیدی حملوں کا نشانہ بن گیا۔ یہ واقعہ مغربی دنیا' جو اسلام پر پہلے سے ہی ادھار کھائے بیٹھی ہے' کی اسلام سے نفرت میں مزید اضافے کا سبب بن گیا۔

آج سے تقریباً ۱۴۲۷ سال پہلے' اللہ کے آخری نبی ﷺ پر اللہ کا کلام اتارا گیا۔ جب آپ نے قوانین خداوندی کی تبلیغ و اشاعت کا آغاز کیا تو آپ پر مصائب و آلام کے پہاڑ توڑ دیے گئے۔ برسوں کی مسلسل محنت کے بعد سابقون الاولون کی جماعت تیار ہوئی جس کی مدد سے اللہ کے رسول ﷺ نے مدینہ میں پہلی ریاست قائم کی۔ قرآن کریم اس ریاست کا آئین قرار پایا۔ محمد الرسول اللہ ﷺ خود بھی اس آئین پر عمل پیرا ہوئے اور سابقون الاولون کو بھی اسی کے اتباع کی ہدایت کی۔ آپ ذرا چشمِ تصور میں لایئے ایسی ریاست کو جس کا دستور قرآن ہو' نافذ کرنے والی ذات جنابِ محمد ﷺ کی ذاتِ گرامی ہو اور سابقون الاولونؓ کی جماعت اس آئین کی مطیع ہو' اس مثالی امتزاج کا نتیجہ کیا نکلا ہوگا' آپ خود اندازہ کر سکتے ہیں۔ قرآن ہمیں بتاتا ہے کہ اس کے نتیجے میں بغیر کسی جبر و اکراہ کے (یدخلون فی دین اللہ افواجا) لوگ فوج درفوج دین اسلام میں داخل ہو گئے۔ یہ وہ جنت نما معاشرہ تھا جس میں نہ کوئی کسی کا محکوم تھا نہ محتاج۔ سب لوگ قوانین خداوندی کی اطاعت بطیبِ خاطر کرتے تھے۔ ہر شخص آزاد تھا اور ماسوائے ان حدود اللہ کے جن کا مقصد معاشرے میں امن و سکون کا نفاذ اور اس نظام کا تسلسل تھا' کسی فرد پر کوئی پابندی نہیں تھی۔ گویا ہر طرف خدا (کے

قانون) کی حکمرانی تھی۔

مگر یہ صورتِ حال تادیر برقرار نہ رہ سکی۔ خلافت کی جگہ ملوکیت نے سنبھال لی۔ مذہبی اور دنیاوی معاملات میں ثنویت (Duality) پیدا ہوگئی یا کردی گئی۔ دنیاوی معاملات بادشاہوں نے اپنے ہاتھ میں لے لئے اور مذہبی معاملات مذہبی پیشوائیت نے سنبھال لئے۔ باہمی گٹھ جوڑ سے دونوں نے اپنے مخالفین کو راستے سے ہٹانے کے لئے مختلف طریقے وضع کر لئے۔ ان میں کا سب سے زیادہ مؤثر اور مستعمل طریقہ یہ تھا کہ مذہبی مخالف ہوتا یا سیاسی' مذہبی پیشوائیت کی طرف سے پہلے اس پر فتویٰ صادر کیا جاتا کہ فلاں شخص کے عقائد اسلام کے مطابق نہیں رہے اور وہ اسلام کے دائرے سے خارج ہو چکا ہے۔ اس طرح اسے واجب القتل قرار دے دیا جاتا اور اربابِ اقتدار اس فتویٰ کو عملی جامہ پہناتے ہوئے اسے حوالۂ دار و رسن کر دیتے۔ بدقسمتی سے مسلمانوں کی تاریخ کے صفحات اسی قسم کی قتل و غارت گری سے رنگین ہیں۔

خوانندگان محترم! ان سطور میں مرتد کی سزائے قتل کا جائزہ صرف اور صرف قرآنِ کریم کی روشنی میں لیا جائے گا' کہ یہی وہ قسطاس ہے جو کھرے کو کھوٹے سے الگ کر دیتی ہے' یہی وہ میزان ہے جو صحیح کو غلط سے چھانٹ کر رکھ دیتی ہے اور یہی وہ کسوٹی ہے جو حلال کو حرام سے ممیّز کر دیتی ہے۔

اللہ تعالیٰ جب کائنات کو عالم امر سے عالم خلق میں لایا تو اس کی ایک ایک چیز کو لگے بندھے ضابطے اور قانون کا پابند کر دیا۔ اس میں صرف انسان کا استثناء ہے۔ دوسرے لفظوں میں انسان کے سوا کائنات کی ہر شے کو مجبور پیدا کیا گیا' مثلاً پانی کو یہ قانون دے دیا گیا کہ وہ نشیب کی طرف بہے گا' پیاس بجھائے گا اور نباتات اگانے میں معاون ہوگا وغیرہ۔ اب پانی میں اس قانون سے سرتابی کی مجال نہیں ہے۔ اسی طرح آگ کے اندر یہ صلاحیت رکھ دی گئی کہ یہ چیزوں کو حرارت پہنچا کر پکائے گی' جلائے گی وغیرہ۔ چنانچہ آگ اس کے برعکس نتائج پیدا نہیں کر سکتی۔ یہی حال جانداروں کا بھی ہے۔ آپ ذرا وہ مشہور مثال سامنے لائیے جس میں ایک مرغی کے نیچے اگر بطخ اور مرغی کے انڈے سینے کے لئے رکھ دیئے جائیں تو چند دن کے بعد جب انڈوں سے بچے نکلیں گے تو کیا ہوگا؟ بطخ کے چوزے پانی کی طرف لپکیں گے جبکہ مرغی کے چوزے اس سے اعراض برتیں گے۔ سوال یہ ہے کہ بطخ کے چوزوں کو کس نے بتایا کہ پانی کی طرف جانا مفید ہے؟ مرغی کے چوزوں سے کس نے کہا کہ خشکی کی جانب جاؤ؟ ظاہر ہے کہ یہ قوانین ان پر کہیں خارج سے لاگو نہیں کئے گئے بلکہ خالقِ کائنات نے ان کی جبلت (Instinct) میں یہ باتیں ودیعت کر دیں۔ آج کی اصطلاح میں خدا نے ان کی (Hard Disk/Chip) میں یہ ہدایات مرقوم کر دیں لہٰذا وہ خود

بخود ان پر عمل پیرا ہو گئے۔ یہی مفہوم ہے ان آیات کا جن میں کہا گیا ہے کہ زمین و آسمان کی ہر چیز قوانین خداوندی پر طوعاً وکرہاً عمل پیرا ہے (3/108)۔ ارض وسما کی ہر شے خدا کی تسبیح کرتی ہے (17/44, 62/1)۔ ارض وسما کی ہر شے اللہ کے حضور سجدہ ریز ہے (13/15)۔ اور والنجم و الشجر یسجدٰن (55/6)۔ یہی وجہ ہے کہ کائنات کی تمام اشیاء میں سے کسی سے بھی اس کے اعمال کی باز پرس نہیں ہوگی سوائے حضرتِ انسان کے' اس لئے کہ مجبور کا کوئی کام اس کی مرضی سے نہیں ہوتا لہٰذا حساب کتاب کس بات کا؟ مگر انسان کے لئے اللہ نے کوئی باطنی (Intrinsic) ہدایات نہیں بھیجیں بلکہ اسے خارج سے وحی کے ذریعے حق و باطل کی تمیز سکھائی گئی ہے۔ اس مقصد کے لئے خالقِ کائنات نے انبیائے کرام کا سلسلہ مبعوث فرمایا جن کے ذریعے اس نے انسان کو دو راستے دکھائے۔ 'وھدینٰہ النجدین (90/10) صحیح راستہ کے متعلق کہہ دیا گیا کہ:

''جو لوگ انبیاء پر نازل شدہ وحی پر ایمان لے آئیں اور آخرت پر' تو ایسے لوگ صحیح راستے پر چلنے والے اور فلاح پانے والے ہیں''۔ (7/157, 2/4-5)۔

غلط راستہ کے متعلق تنبیہہ کر دی گئی کہ:

''جو لوگ ہماری آیات سے انکار (کفر) کی روش اپنائیں گے اور انہیں جھٹلائیں گے' ہمیشہ کے لئے ان کا ٹھکانہ جہنم ہوگا''۔ (2/39)۔

ان ہدایات کے ساتھ ساتھ خدا نے انسان کو حواسِ خمسہ (Five Senses) عطا کر دیئے تاکہ وہ ہر معاملہ میں چھان پھٹک کر فیصلہ کیا کرے اور سب سے بڑھ کر انسان کو سوچنے سمجھنے کی صلاحیت عطا کر دی تاکہ اپنے لئے صحیح راستہ منتخب کرنے میں اس کو آسانی ہو۔ یعنی انسان کو صاحب عقل وخرد پیدا کیا گیا اور اسے کامل آزادی و اختیار دیتے ہوئے اعلان کر دیا گیا کہ:

''ان سے کہہ دیجئے کہ تمہارے رب کی طرف سے حق آ گیا۔ اب جس کا جی چاہے ایمان لے آئے اور جس کا جی چاہے انکار کی روش اپنا لے''۔ (18/29)۔

اس پورے مضمون کو قرآن نے نہایت ایجاز سے سورہ دھر کی دو آیتوں میں بیان کیا ہے۔ فرمایا گیا ''ہم نے انسان کو مخفی صلاحیتوں والے نطفہ سے تخلیق کیا۔ پھر مختلف مراحل سے گزار کر اسے سماعت و بصارت (یعنی سوچنے سمجھنے کی صلاحیت) سے نوازا۔ پھر ہم نے اسے صحیح راستے کی طرف ہدایت کی۔ اب یہ چاہے تو اس کو اختیار کر لے چاہے تو انکار کر دے''۔ (76/2-3)۔

یہاں تک کی تصریحات سے واضح ہو جاتا ہے کہ خدا کے ہاں ایمان لے آنے یا کفر اختیار کرنے کے معاملے

میں کوئی جبر و اکراہ نہیں ہے۔ البتہ کفر کا راستہ اپنانے سے جہنم ملے گی اور ایمان کے رستے پر چلنے سے جنت۔ یہ بات تو انسان کے اختیار میں ہے کہ وہ جونسا چاہے راستہ چن لے مگر ان کے نتائج میں تبدیلی کا اختیار اس کے پاس نہیں ہے۔ یہ ناممکن ہے کہ وہ راستہ تو کفر کا اختیار کرے مگر اس کو بدلے میں جنتی زندگی کے ثمرات حاصل ہو جائیں اور ایسے ہی اس کے بالعکس بھی (vice versa)۔ رسول اکرم ﷺ سے کہا گیا کہ:

''اگر تیرا رب چاہتا تو کرۂ ارض کے تمام لوگ ایمان لے آتے (مگر انہیں مجبور محض پیدا نہیں کیا گیا) تو کیا آپؐ لوگوں کو مجبور کریں گے حتیٰ کہ وہ ایمان لے آئیں؟''۔(10/99)۔

ایک اور مقام پر آنجناب ﷺ سے کہا گیا کہ ''(ان سے کہہ دو) تمہاری طرف تمہارے رب کی طرف سے دلائل آ چکے۔ اب جو کوئی اپنی آنکھیں کھلی رکھ کر چلے گا اس کا فائدہ اسی کو ہو گا اور جو اپنی آنکھیں بند کر کے اندھا بن کر چلے گا اس کا نقصان اسی کو ہو گا۔ مجھے تم پر کوئی نگہبان مقرر نہیں کیا گیا (کہ تمہیں ایک خاص رستے پر چلاؤں)''۔ (6/105)۔

خوانندگانِ محترم! دین اسلام کو اختیار کرنے یا نہ کرنے سے متعلق یہ ہے مختصراً قرآن کریم کی حکمت عملی۔ اس ضمن میں اور بھی آیات پیش کی جا سکتی ہیں' مگر سر دست انہی پر اکتفا کیا جاتا ہے۔ آیئے اب دیکھتے ہیں کہ اگر کوئی مسلمان کسی وجہ سے اپنا دین چھوڑ بیٹھے اور کسی اور مذہب کا پیروکار بن جائے تو قرآن کریم کیا احکامات دیتا ہے۔ قرآن کریم ایک کامل کتاب ہے جس میں ہر پہلوئے حیات سے متعلق ہدایات درج ہیں۔ معاملہ زیر بحث کے تحت دو ہی صورتیں پیش آ سکتی ہیں۔

اولاً' اگر کوئی پیدائشی مسلمان سن شعور کو پہنچنے پر محسوس کرے کہ جس راستے پر وہ گامزن ہے وہ منزل کی طرف نہیں جاتا اور اسے چھوڑ کر کوئی اور راہ اپنا لے۔ ایسے شخص پر حقیقی معنوں میں لفظ ''مرتد'' کا اطلاق نہیں ہوتا' کیونکہ لفظ مرتد سے مراد ہے وہ شخص جو پلٹ کر پرانے راستے پر گامزن ہو جائے۔ امام راغب اصفہانی نے لکھا ہے (الارتداد) اسی راستے پر پلٹنے کو کہتے ہیں جس سے کوئی آیا ہو (دیکھئے' لغات القرآن از پرویز' جلد دوم' ص 742)۔ اصطلاح میں ارتداد دین اسلام چھوڑ کر کسی اور مذہب کی پیروی کرنے کو کہتے ہیں لیکن ہمارے مذہبی ادب میں پیدائشی مسلمان کے دین اسلام چھوڑنے پر بھی مرتد کا لفظ استعمال کیا جاتا ہے۔ قرآن کریم کی رو سے پیدائشی مسلمان یا پیدائشی ایمان کی کوئی حقیقت نہیں۔ اس کی رو سے ایمان لانا پڑتا ہے اور اسی طرح کفر اختیار کیا جاتا ہے' اس ایمان کے لانے یا کفر کے اختیار کرنے میں انسان کو مکمل آزادی عطا کی گئی ہے جس پر مفصل بحث پہلے گزر چکی ہے۔

ثانیاً، اگر کوئی شخص ابتداً کسی اور مذہب کا پیروکار تھا پھر وہ اسلام سے متاثر ہو کر ایمان لے آیا لیکن اس کے بعد دوبارہ واپس اسی مذہب (یا کسی تیسرے مذہب) کی طرف پلٹ گیا ہو تو مذہبی اصطلاح میں ایسا شخص مرتد کہلاتا ہے۔ مذہبی پیشوائیت کے ہاں محولہ بالا دونوں اقسام میں کوئی فرق روا نہیں رکھا جاتا اور دورِ ملوکیت میں وضع کردہ روایتوں کی رو سے کہا جاتا ہے کہ مرتد کی سزا قتل ہے۔ اس سلسلے میں رسول اللہ ﷺ سے منسوب یہ روایت بڑے زور شور سے پیش کی جاتی ہے۔

من بدل دینه فاقتلوه (البخاری)

یعنی جو اپنا دین تبدیل کر لے اسے قتل کر دو۔

آئیے دیکھتے ہیں مرتد کے بارے میں قرآن کیا کہتا ہے۔

سورہ آلِ عمران میں اس مسئلے پر بڑی خوبصورتی سے روشنی ڈالی گئی ہے۔ ارشاد ہے:

''اور جو کوئی اسلام کے سوا کوئی اور دین چاہے تو وہ ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا، ایسا شخص آخرت میں خسارہ پانے والوں میں سے ہوگا۔'' (3/85)۔

یہ تو بات ہوئی اس شخص کی جو کبھی سرے سے اسلام میں داخل ہوا ہی نہیں تھا۔ اس سے اگلی آیت میں ان لوگوں کا بیان ہے جو ہدایت یافتگی کے بعد پھر کافر ہو گئے۔ ملاحظہ ہو:

كيف يهدى الله قوما ...... ولا هم ينظرون (3/86-88)۔

''اللہ ایسی قوم کو کیسے ہدایت دے سکتا ہے جو ایمان لانے کے بعد کفر اختیار کر گئی ہو؟ حالانکہ اس نے شہادت دی تھی کہ اللہ کا رسول برحق ہے اور اس کے سامنے واضح دلائل بھی آ چکے تھے۔ اللہ ظالموں کی قوم کو ہدایت نہیں دیا کرتا۔ ایسے لوگوں کا بدلہ یہ ہے کہ ان پر اللہ، ملائکہ اور انسانوں، سب کی لعنت ہوتی ہے۔ یہ ہمیشہ اسی حال میں رہیں گے۔ نہ تو ان کے عذاب میں کوئی کمی کی جائے گی نہ ہی انہیں کوئی مہلت دی جائے گی۔''

آگے بڑھنے سے پہلے آیئے ان آیات کا تجزیہ کرتے چلیں۔ پہلی بات تو یہ کہ اللہ نے ان آیات میں کہیں بھی یہ نہیں کہا کہ جو لوگ ایمان لانے کے بعد کفر اختیار کر لیں انہیں دنیا میں قتل کر دیا جائے۔ دوسری بات یہ کہی گئی ہے کہ دینِ اسلام سے مہجوری اختیار کر لینے کے نتیجے میں یہ لوگ اللہ، ملائکہ اور انسانوں کی لعنت کا ہدف بن گئے یعنی ان تمام برکات و ثمرات سے انہوں نے اپنے آپ کو محروم کر لیا جو ایک سچے اور سیدھے راستے پر چلنے سے انسان کو حاصل ہوتے ہیں۔ اگر یہ دینِ حق پر استقامت سے جمے رہتے تو کامیاب و کامران رہتے لیکن انہوں نے ایسا نہیں کیا لہٰذا یہ ہمیشہ ایسی حالت میں رہیں گے۔

یہ تو ہوئے وہ لوگ جو ایمان لانے کے بعد کفر اختیار کر گئے اور پھر اسی پر ان کی زندگی کا خاتمہ ہو گیا مگر

بعض لوگ ایسے بھی تو ہو سکتے ہیں جنہیں اپنے فیصلے کی غلطی کا احساس ہو جایا کرتا ہے۔ اللہ کی رحمت کا دروازہ ایسے لوگوں کے لئے بند نہیں رکھا گیا ہے۔ چنانچہ اسی سے اگلی آیت میں ارشاد ہے کہ:

''الذین تابو...... غفور الرحیم'' (3/89)۔

(ترجمہ) ''(جولوگ ایمان کے بعد کفر اختیار کر جائیں ان پر اللہ' ملائکہ اور انسانوں کی لعنت ہمیشہ برستی ہے) مگر ان میں سے جو لوگ اس کے بعد توبہ کر لیں اور اپنی اصلاح کر لیں تو بلا شبہ اللہ تعالیٰ بخشندہ ومہربان ہے''۔

اس آیت پر نہایت غور وخوض کی ضرورت ہے۔ اگر مرتد کی سزا قتل ہوتی تو ان لوگوں کا دوبارہ اسلام میں داخل ہونا ممکن ہی نہ ہوتا۔ کیونکہ انہیں تو کب کا حوالۂ دار ورسن کر دیا گیا ہوتا لیکن ٹھہریئے' مذہبی پیشوائیت یہاں پر کہہ سکتی ہے کہ ہمارے قانون شریعت میں بھی مرتد کے لئے تین دن تک توبہ کرنے کی مہلت دی جاتی ہے اس لئے ہمارا قانون اس آیت سے متعارض نہیں ہے۔ یہ محض فریب دہی ہے کیونکہ اول تو قرآن میں اس طرح کی کسی معینہ مہلت کا ذکر نہیں ہے۔ دوسرے' خدا کے علم میں یہ بات تھی کہ احبار ورہبان قرآنی تعلیمات کو توڑ موڑ کر پیش کریں گے چنانچہ اگلی ہی آیت میں اللہ تعالیٰ نے ایک اور ممکنہ صورت بھی پیش کر دی۔ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے مرتد کی طبعی موت کا ذکر کیا ہے۔ ملاحظہ ہو:

''جو لوگ ایمان لانے کے بعد کفر اختیار کر گئے اور پھر کفر میں بڑھتے ہی چلے گئے تو ایسے لوگوں کی توبہ قبول نہیں کی جائے گی۔ ایسے لوگ راستے سے بھٹک گئے ہیں۔ جن لوگوں نے کفر کا راستہ اپنا لیا اور مرتے دم تک اس پر قائم رہے تو ان میں اگر کوئی شخص زمین کو سونے سے بھی بھر دے تو بھی اس کو فدیے میں قبول نہیں کیا جائے گا۔ ایسے لوگوں کے لئے دردناک عذاب ہے اور کوئی ان کا مددگار نہیں ہوگا''۔(3/90-91)۔

لیجئے صاحب! بات بالکل واضح ہوگئی کہ جو لوگ ایمان لانے کے بعد کفر اختیار کر گئے (یعنی مرتد ہو گئے) پھر اسی حالتِ کفر میں انہیں موت آ گئی (وماتوا وھم کفار) ان کے لئے دردناک عذاب ہوگا۔ یعنی ان کی طبعی موت کا ذکر کیا گیا ہے۔ اگر مرتد کی سزا قتل ہوتی تو نہ ان کے کفر میں بڑھتے رہنے کا ذکر ہوتا (کہ جس کی گردن ہی اڑا دی گئی وہ کفر میں کیسے بڑھ سکے گا؟) اور نہ ہی یہ ذکر ہوتا کہ وہ حالتِ کفر میں مر جائیں۔ اس سے واضح ہو جاتا ہے کہ اللہ کے قانون میں ایسے شخص کے لئے دنیا میں قتل کی کوئی سزا نہیں ہے جو ایمان لا کر کفر کا مرتکب ہو جائے اور پھر اس میں بڑھتا ہی جائے حتیٰ کہ موت اسے آ کر دبوچ لے۔

قارئین کرام! اب آپ کے سامنے قرآن کریم کی ایسی آیت لائی جاتی ہے جس میں ارتداد کا ذکر واضح طور پر کیا گیا ہے مگر پوری آیت میں کہیں بھی اس مرتد کے لئے دنیا میں قتل کی سزا کا ذکر نہیں کیا گیا۔ ملاحظہ کیجئے:

''یاایھا الذین اٰمنو من یرتد منکم عن دینہ فسوف یاتی اللہ بقوم یحبھم ویحبونہ......'' الخ (5/54)۔

(ترجمہ)۔ اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو تم میں سے جو اپنے دین سے 'مرتد' ہو جائے' (تو ایسوں کی جگہ) خدا ایک ایسی قوم لے آئے گا کہ خدا ان سے محبت رکھے گا اور وہ خدا سے محبت رکھیں گے۔''

محترم قارئین! اس آیت میں کہیں بھی خدا نے محض تبدیلیٔ مذہب کو قابلِ گردن زدنی جرم قرار نہیں دیا ہے بلکہ آیت پکار پکار کر اپنا منشاء ظاہر کر رہی ہے کہ جو کوئی پلٹ کر واپس جاتا ہے اسے جانے دو۔ ایسا شخص اللہ کو کوئی گزند نہیں پہنچا سکتا (3/144)۔ ایسے لوگوں کی جگہ اللہ ایک ایسی جماعت لے آئے گا جو مومنانہ اوصاف کی حامل ہوگی۔

یہی نہیں بلکہ قرآن ایسے لوگوں کا ذکر بھی کرتا ہے جو ایمان لانے اور پھر کفر اختیار کرنے کو بازیچۂ اطفال بنا لیتے ہیں۔ جب جی چاہا ایمان لے آئے اور جب چاہا کفر اختیار کر لیا۔ چنانچہ سورۂ نساء میں ارشاد ہے کہ:

''جو لوگ ایمان لائے' اس کے بعد کفر کی طرف **پلٹ گئے' پھر ایمان لائے' پھر کفر کی طرف پلٹ گئے اور پھر کفر میں بڑھتے ہی چلے گئے' ایسے لوگوں** کے لئے اللہ کے ہاں کوئی مغفرت نہیں ہے اور نہ ہی اللہ انہیں سیدھا رستہ دکھائے گا۔'' (4/137)۔

دیکھئے' یہاں دو مرتبہ ایمان لانے اور دو مرتبہ ارتداد اختیار کرنے کا ذکر کیا گیا ہے۔ وہ ایمان لائے' پھر مرتد ہو گئے' پھر ایمان لائے پھر مرتد ہو گئے اور اس کے بعد ارتداد میں بڑھتے ہی چلے گئے۔ ان کی مغفرت نہیں ہوگی۔ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر ارتداد کی سزا قتل ہوتی تو دوسری مرتبہ ایمان لانے کی نوبت ہی کہاں آتی؟ نہ صرف یہ بلکہ دوسری مرتبہ کفر اختیار کرنے اور اس میں بڑھتے جانے کا موقع ہی کہاں سے ملتا؟

مذکورہ بالا بحث سے یہ بات نکھر کر سامنے آجاتی ہے کہ قرآن کریم محض تبدیلیٔ مذہب کو دنیاوی جرم قرار نہیں دیتا فلہذا اس کے لئے ایسی کوئی سزا تجویز نہیں کرتا جو اسے دنیا میں دی جا سکے۔ اس کا صاف صاف مطلب یہ نکلتا ہے کہ اہلِ مغرب کی تنقید جو مرتد کی سزا کے بارے میں اسلام پر کی جاتی رہی ہے اور اب بھی کی جاتی ہے' سراسر بے جا ہے۔ اسلام جو قرآن ہی پر مشتمل ہے' ایسے کسی بھی نقص سے پاک ہے ؂

میرے ساقی نے عطا کی ہے مے بے دُردو صاف
رنگ جو کچھ دیکھتے ہو میرے پیمانے کا ہے

اسلام نے تو مذہبی آزادی کا یہ تصور ایک ایسے وقت میں دے دیا تھا جب اہل مغرب اپنی ازمنۂ مظلمہ (Dark Ages) میں سے گزر رہے تھے۔ یعنی جس وقت اہلِ مغرب کے ہاں کوئی مذہبی آزادی کا تصور بھی نہیں کرسکتا تھا' قرآن گلی گلی یہ اعلان کررہا تھا:

''لا اکراہ فی الدین۔ قد تبیّن الرشد من الغی'' (2/256)۔

''دین کے معاملہ میں کوئی زور زبردستی نہیں ہے۔ ہدایت اور گمراہی ایک دوسرے سے ممیّز ہو چکے ہیں۔''

اس لئے قرآن کریم کے پیرؤوں کو مغربی تنقید سے برافروختہ ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ باقی رہا معاملہ 'روایتی' مسلمان کا تو جب تک وہ احبار و رہبان کو ''ارباب من دون اللہ'' بنائے رکھے گا' اس مشکل سے چھٹکارا نہیں پاسکتا۔ اس نے سہل انگاری کو وطیرہ بناتے ہوئے سارے معاملات اس ملا کے سپرد کر دیے ہیں' جو ''یصدون عن سبیل اللہ'' اور ''یاکلون اموال الناس بالباطل'' (9/34) کا صدفی صد مصداق ہے۔ ؎

خدا جانے یہ کس نے کہہ دیا ہے کم سوادوں سے
کہ جو تیشہ اٹھا لیتا ہے وہ فرہاد ہوتا ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

غلام باری، مانچسٹر

مرتد کی سزا قتل، خلافِ اسلام ہے

